فوری ریلیز کے لیے: 21/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے جزو کے طور پر اونیڈا کے لیے تغیر و تبدل کے منصوبوں کا اعلان

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے آٹھ منصوبے شہر کی پیدل چلنے کی صلاحیت اور بائیک چلانے کی اہلیت میں اضافہ کرتے ہیں، کاروبار اور رہائش کے مواقع کو بڑھاتے ہیں اور عوامی جگہوں اور سہولیات کو بہتر بناتے ہیں

منصوبے کے خاکے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدامی ایوارڈ کے حصے کے طور پر اونیڈا شہر میں تغیر و تبدل کے آٹھ منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ ایوارڈز رہائش اور کاروبار کے مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے علاقے کے مالامال تاریخی،وسائل کا فائدہ اٹھائیں گے۔

گورنر Hochul نے کہا، "ہمارا ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام اہم فنڈنگ فراہم کرتا ہے جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے نیو یارک کے کاروبار ہمارے مقامی علاقے کے اندر پھلیں پھولیں۔" "یہ انتہائی ضروری معاشی ترقیاتی فنڈنگ سٹی آف اونیڈا کو شہر کے مرکز کو دوبارہ زندہ کرنے اور علاقے میں نئی اقتصادی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرتی ہے۔ میں شہر کی پیشرفت اور ہماری مقامی اقتصادی ترقی کی کوششوں کے ریاست بھر میں ملازمتوں کی تخلیق اور علاقے کی تبدیلی پر پڑنے والے اثرات دیکھنے کی منتظر ہوں"۔

اونیڈا شہر سنہ 1830 کی دہائی میں ریاست نیو یارک کے نہری نظام کی توسیع کے ارد گرد تیار ہوا اور بڑھا پھولا اور ترقی، سیاحت اور معیارِ زندگی کے لیے ایک عمل انگیز کے طور پر اپنی نہر کی میراث کو اجاگر کرتا رہا۔ شہر کے گنجان، چلنے کے قابل مرکز میں اہم تعمیراتی اور تاریخی اثاثہ جات ہیں جن پر اس کی حیاتِ نو کی تعمیر ہونی ہے۔ اونیڈا کے احیاء کا زور اس کے پارکوں، عوامی سہولیات اور گلیوں کے منظر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور مخلوط استعمال کی نئی جگہیں بنانے پر ہے۔

سرمایہ کاریاں گورنر کی ریاست کے شمالی حصے کی معیشت کو بحال کرنے اور وسطی نیو یارک کے علاقے کے اندر مزید مواقع پیدا کرنے کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ DRI کی قیادت ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ کرتا ہے، اور جوں جوں ہر حصہ لینے والی کمیونٹی ایسے مخصوص پروجیکٹس کی نشاندہی کرنے کے لئے سٹریٹجک انویسٹمنٹ پلان تیار کرتی ہے جن میں ڈاؤن ٹاؤن علاقے کے احیاء و تعمیر کے لیے منفرد وژن ہو تو DRI انہیں تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative, DRI) کے ذریعے مالی اعانت فراہم کیے جانے والے مخصوص منصوبے علاقے کے تزویراتی سرمایہ کاری منصوبے میں شامل متعدد اہداف اور حکمت عملیوں کی کفالت کرتے ہیں، جیسے کہ - شہر کی چلنے کی صلاحیت اور موٹر سائیکل کی صلاحیت میں اضافہ کرنا؛ موجودہ عمارتوں کو دوبارہ تعمیر اور دوبارہ تیار کرکے کاروبار اور رہائش کے مواقع کو بڑھانا؛ اور عوامی مقامات اور سہولیات کو بہتر بنانا۔ جیسے جیسے بحالی نو کا عمل آگے بڑھے گا اور رفتار پکڑے گا، تو DRI کے ذریعے ان

منصوبوں میں 9.7$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سرکاری اور نجی شعبے کی اضافی سرمایہ کاریوں میں مدد فراہم کرے گی۔

منصوبوں میں شامل ہیں:

شہر میں لوگوں کی پیدل چلنے اور سائیکل چلانے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا

اندرونِ شہر کے بنیادی ڈھانچے اور گلیوں کے منظر کو بہتر بنانا – DRI ایوارڈ: 1,521,000$
مین سٹریٹ، میڈیسن سٹریٹ، فریئر ایوینیو اور وانڈربلٹ ایوینیو کے کچھ حصوں کے گلیوں کے منظر اور فٹ پاتھ کو بہتر بنانا، جس میں سکونونڈوا سٹریٹ میں بائسکل کا بنیادی ڈھانچہ شامل کیا جائے گا۔

موجودہ عمارتوں کو دوبارہ تعمیر اور دوبارہ تیار کرکے کاروبار اور رہائش کے مواقع کو وسعت دینا

خالی ہوٹل اونیڈا کو دوبارہ تعمیر کرنا – DRI ایوارڈ: 2,900,000$
شہر کے مرکز میں مخلوط استعمال کی نئی جگہ فراہم کرنے کے لیے مشہور ہوٹل کو بحال کرنا جس میں کئی اپارٹمنٹ، ایک ریستوران/پب اور ضیافت کی جگہ شامل ہے۔

ڈیوریوکس بلڈنگ کی بحالی اور تجدید – DRI ایوارڈ: 1,569,000$
ڈیوریوکس بلڈنگ کو بحال کرنا اور اسے مخلوط استعمال کی رہائشی، خوردہ فروشی اور تجارتی عمارت میں تبدیل کرنا۔

لرمین بلڈنگ کو تجارتی و رہائشی استعمال کے لیے دوبارہ تیار کرنا – DRI ایوارڈ: 1,141,000$
تمام 20,000 مربع فٹ کا فائدہ اٹھانے کے لیے ایک کم زیر استعمال عمارت کو دوبارہ تیار کرنا، بشمول ٹاؤن ہاؤس طرز کے اپارٹمنٹس اور تجارتی جگہوں کی تخلیق، اور نئے دفاتر اور ایک کانفرنس روم کو شامل کرنے کے لیے موجودہ اونیڈا CoWorks کی جگہ کو وسعت دینا۔

اندرونِ شہر کاروباری امدادی فنڈ تیار کرنا – DRI ایوارڈ: 600,000$
سامنے کے حصے کی بہتری اور اندرونی بہتری کے لیے ایک مماثل گرانٹ فنڈ بنانا، بشمول بھاری سامان اور مستقل تنصیبات۔ فنڈ کی دیکھ بھال میڈیسن کاؤنٹی کرے گا۔

فارم پر مبنی زوننگ اوورلے ڈسٹرکٹ کا قیام – DRI ایوارڈ: 100,000$
DRI علاقے کے لیے فارم پر مبنی کوڈ اور اوورلے ڈسٹرکٹ بنانا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ مستقبل کی ترقی شہر کے جمالیاتی ارادے کے مطابق ہو۔

عوامی مقامات اور سہولیات کو بہتر بنانا

ویٹرنز میموریل پارک میں سہولیات کی تجدید کرنا – DRI ایوارڈ: 1,059,000$
ویٹرنز فیلڈ کیمپس میں ADA سپلیش پیڈ اور پکل بال کورٹ نصب کرنا اور غسل خانہ کی سہولیات کے لیے مرمت/تجدید کا اطلاق کرنا۔ مختلف مسلح افواج کے سابق فوجیوں کو اعزاز دینے کے لیے ویٹرنز میموریل پلے فیلڈ میں ایک نیا یادگاری علاقہ تیار کرنا۔

علاقے کے نوجوانوں کی ساکر کی تنظیم (Area Youth Soccer Organization, AYSO) کے لیے ساکر کے میدان تیار کرنا – DRI ایوارڈ: 760,000$
اندرونِ شہر کے علاقے کے کھیلوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سابقہ سیلابی مقامات پر فٹ بال کے میدان اور پارکنگ کے علاقے بنانا۔ FEMA پہلے ہی اس مقام پر بنائے جانے والے ان استعمالات کی منظوری دے چکی ہے۔

نیو یارک کے سکریٹری آف اسٹیٹ Robert J. Rodriguezsaid نے کہا، "نیو یارک کا ڈاون ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ریاست بھر کے مکینوں کے لیے معاشی ترقی اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے اونیڈا شہر جیسے پختہ، چلنے کے قابل شہر کے نواح میں تزویراتی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ اونیڈا کو دیے جا رہے 10$ ملین اہلِ علاقے کی زیر قیادت منصوبوں کے لیے فنڈ فراہم کریں گے جو کہ شہر کی نہر کی میراث اور اس کے قومی سطح پر نامزد تاریخی اضلاع کو نمایاں کرتے ہوئے خالی اور زیرِ استعمال عمارتوں جیسے ہوٹل اونیڈا اور ڈیوریوکس بلڈنگ کو مخلوط استعمال کی جگہوں میں دوبارہ تعمیر کریں گے جو رہائش اور عوامی اجتماع کی جگہیں فراہم کرتے ہیں۔ میں ان منصوبوں کی کامیابی اور علاقے پر ان کے مثبت اثرات کو دیکھنے کا منتظر ہوں"۔

ریاست نیو یارک کی کینال کارپوریشن کے ڈائریکٹر Brian U. Stratton نے کہا، "ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام اس بات کی ایک روشن مثال ہے کہ جب علاقے اپنے آپ پر یقین رکھتے ہیں تو وہ کیا کر سکتے ہیں، اور جبکہ ہم عالمی وباء سے دوبارہ تعمیر کر رہے ہیں، یہ پروگرام اونیڈا جیسے مقامات پر امید کا ایک نیا احساس لا رہا ہے۔ DRI ایک بے مثال اور اختراعی حکمت عملی 'پہلے منصوبہ بندی پھر عمل' کی نمائندگی کرتا ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتا ہے، جس کے نتیجے میں چلنے کے قابل شہر بنتے ہیں جو کہ مقامی معیشتوں کو تقویت دینے کی کلید ہیں۔ آج اعلان کردہ اونیڈا کے آٹھ منصوبے اس عزم کا مزید اظہار ہیں جو گورنر Hochul کی انتظامیہ نے شمالی نیو یارک کے لیے کیا ہے"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "ریاست نیو یارک کے بڑھتے ہوئے نہری نظام نے اونیڈا کی ابتدائی نشوونما کو ہوا دی، اور یہ کایا پلٹنے والے آٹھ DRI منصوبے شہر کے اقتصادی دھاروں کو مضبوط کرنے میں مدد کریں گے۔ رہنے، کام کرنے اور کھیلنے کے لیے جگہوں کی بحالی، تخلیق اور خوبصورتی اونیڈا کی کامیابی کی کلید ہو گی، اب اور مستقبل دونوں کے لیے"۔

ریاست نیو یارک کی گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "اونیڈا میں یہ آٹھ منصوبے عوامی سہولیات، تفریحی مواقع، اور تجارتی اور رہائشی وسائل کو مضبوط اور بہتر بنانے پر مرکوز ہیں۔ منصوبے اونیڈا کی بھرپور تاریخ، شاندار واٹر فرنٹ، اور چلنے کے قابل شہر کی تکمیل کرتے ہیں۔ ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام ایک مزید مربوط ماحول پیدا کرنے میں مدد کرے گا جو رہائشیوں اور مہمانوں کے لیے افزودگی اور مواقع فراہم کرتا ہے، اور شہر کے پُرعزم تزویراتی منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ مبارک ہو۔"

ریاستی سینیٹر Rachel May نے کہا، "یہ خوش آئند خبر ہے کہ اونیڈا شہر کو ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام سے فنڈ حاصل کرنے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ پیدل چلنے اور سائیکل تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے یہ سرمایہ کاری ملازمتیں پیدا کرنے، رہائشیوں کو برقرار رکھنے، کاروباری مواقع کو بہتر بنانے اور ہر ایک کے لیے معیارِزندگی کو بہتر بنانے میں مدد کرے گی۔ یہ منصوبے پہلے سے متحرک اور دلکش شہر کے مرکز میں جگہ کا اضافہ کریں گے۔ اونیڈا کو منتخب کرنے کے لیے گورنر Hochul اور علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کا شکریہ"۔

اونیڈا شہر کی میئر Helen Acker نے کہا، "ہم اونیڈا DRI کے لیے فنڈڈ منصوبوں کے اعلان سے بہت پُرجوش ہیں۔ میں گورنر Kathy Hochul کا اونیڈا شہر کے مستقبل میں سرمایہ کاری کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔ سرکاری اور نجی شراکت داری دونوں کے امتزاج سے یہ اونیڈا کی تاریخ میں سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔ یہ ہمارے شہر کے لیے کایا پلٹ ہے۔ میں اپنی مقامی منصوبہ بندی کمیٹی، اونیڈا کے شعبۂ منصوبہ بندی، ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ اور سینٹرل نیو یارک REDC کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہوں گی"۔

ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام

ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19

عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں